© rasailojaraid.com



# تبصرے

**نصرت الحدیث** | مولفہ مولانا ابوالمآثر حبیب الرحمٰن اعظمی تقطیع متوسط ضخامت ٢١٣ صفحات، کاغذ کتابت، طباعت عمدہ قیمت ٨؎، ملنے کا پتہ مولوی محمد ایوب صاحب اعظمی ناظم مدرسہ مفتاح العلوم مئو ضلع اعظم گڈھ۔

منکرین حدیث کہتے ہیں کہ قرآن ایک مکمل اور جامع کتاب ہے اس کے ہوتے ہوئے کسی دوسری چیز کے ماننے کی ضرورت نہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کتابتِ حدیث کی ممانعت فرمادی تھی۔ صحابہؓ و تابعینؒ نے حدیثیں نہیں لکھیں۔ تیسری صدی ہجری میں اس کی تدوین عمل میں آئی۔ اتنے عرصہ میں تغیر و تبدل ہوکر حدیثیں کچھ کی کچھ ہوگئیں۔ حدیثوں کو دین ماننے سے اسلام اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر بڑی کثرت سے اعتراضات وارد ہوتے ہیں وغیرہ وغیرہ

مولانا اعظمی نے یہ رسالہ آج سے چھ سال پہلے انکارِ حدیث کے سلسلہ میں حق گو اور جفتائی صاحب کے اسی قسم کے استدلالات کے جواب میں لکھا تھا اب اس کا دوسرا ایڈیشن جدید اضافوں کے ساتھ شائع ہوا ہے۔ شروع میں ایک مقدمہ ہے جس میں کتابتِ حدیث کی تاریخ پر مفصل بحث ہے اور مستند دلائل سے ثابت کیا گیا ہے کہ خود عہدِ نبوی میں آپ کی اجازت سے حدیث کی کتابت عمل میں آچکی تھی اسی طرح پھر عہد صحابہ و تابعین میں کتابتِ حدیث کا ثبوت دیا ہے پھر حفظِ حدیث کے اہتمام بلیغ پر روشنی ڈالی ہے۔ صحابہ، تابعین، تبع تابعین، ائمہ محدثین کی حدیث میں احتیاط اور ان کے حافظے کے غیر معمولی واقعات تاریخ کے مستند حوالوں سے درج کیے ہیں پھر محدثین پر منکرین حدیث نے جو سلطنت کی ہواخواہی کا بے بنیاد الزام لگایا ہے اس کی تردید کی ہے۔ قرآن عظیم سے حدیث کے حجت شرعی ہونے کو ثابت کیا ہے۔ پھر جن احادیث کی صحت کے متعلق منکرین حدیث نے



© rasailojaraid.com